1437-اسلام میں کبوتر کسی خاص معنی کا رمز ہے

سوال

دین نصرانی میں کبوتر امن وسلامتی کی علامت ہے یہی نہیں بلکہ وہ بنفسہ مقدس ہے ، توکیا دین اسلام میں بھی کبوتر کی کوئ اھمیت ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

دین اسلام میں کبوتر کوکوئ خاص اورامتیازی حیثیت حاصل نہیں بلکہ کبوتر بھی ان پرندوں میں سے ہے جواللہ تعالی نے کھانے کے لیے مباح قرار دیے ہیں اوران کا کھانا حلال ہے ۔

اسلام میں کبوتر نہ توامن وسلامتی کی نشانی ہے اور نہ ہی کسی اورچيز کی ، اورہم مسلمانوں کویہی کافی ہے کہ ہم اللہ تعالی کے حکم کے مطابق زمین میں عدل وانصاف قائم کریں ۔

واللہ تعالی اعلم .